
Bank Alfalah Pehchaan Account Terms and Conditions

بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ شرائط و ضوابط



Bank Alfalah

The Way Forward

Account Title
اکاؤنٹ کا نام

Account No.
اکاؤنٹ نمبر

Bank Alfalah Pehchaan Account Terms and Conditions

بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ شرائط و ضوابط

1. All Current and Savings Account (PKR and FCY) will be offered for enrolment on Bank Alfalah Pehchaan Account.These terms are also applicable on any existing account holders who seek to have the 'Bank Alfalah Pehchaan Account' feature applicable to any of their accounts.

   تمام کرنٹ اور سیونگز اکاؤنٹ (پاکستانی روپے اور غیر ملکی کرنسی میں) بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ میں انرولمنٹ کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ یہ شرائط کسی بھی موجودہ اکاؤنٹ ہولڈرز پر بھی لاگو ہوتی ہیں جو اپنے کسی بھی اکاؤنٹ پر 'بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ' کے فیچر کو لاگو کرنا چاہتے ہیں۔

2. Both new and existing account holders can sign up for this account.

   نئے اور موجودہ دونوں طرح کے اکاؤنٹ ہولڈرز اس اکاؤنٹ کیلئے سائن اپ ہو سکتے ہیں۔

3. Only females are eligible to open/enrol Bank Alfalah Pehchaan Account either singly or jointly with any other female or male.

   بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ صرف خواتین کے لیے دستیاب ہے، جو اسے اکیلے یا کسی دوسرے مرد یا خاتون کے ساتھ مشترکہ اکاؤنٹ کے طور پر کھول سکتی ہیں۔

4. Existing customer will be eligible for benefits on this Bank Alfalah Pehchaan Account through signing up an enrolment form.

   موجودہ کسٹمر انرولمنٹ فارم پُر کر کے اس اکاؤنٹ کے فوائد کیلئے اہل ہوں گے۔

5. Female individuals (Resident Pakistanis and Non-Resident Pakistanis), including sole proprietorships, in personal name, are eligible to open/enrol Bank Alfalah Pehchaan Account in Pak Rupees/Foreign Currency (FCY), as single or jointly with any other female or male in Current and Savings Account category. No profit is payable on current account and profit as per Bank's Profit rate sheet will be given on Savings Account.

   خواتین (مقیم اور غیر مقیم پاکستانی)، بشمول ذاتی نام سے انفرادی کاروبار (Sole Proprietorship) رکھنے والی خواتین، بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ کھولنے یا اس میں اندراج کے اہل ہیں۔ یہ اکاؤنٹ پاکستانی روپے یا غیر ملکی کرنسی (FCY) میں بطور انفرادی یا مشترکہ اکاؤنٹ کرنٹ اور سیونگز کیٹیگری میں کھولا جا سکتا ہے۔ مشترکہ اکاؤنٹ کسی بھی دوسری خاتون یا مرد کے ساتھ کھولا جا سکتا ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ پر کوئی منافع نہیں دیا جائے گا سیونگز اکاؤنٹ پر منافع بینک کے منافع ریٹ شیٹ کے مطابق دیا جائے گا۔

6. Partnership/Companies can open accounts under the Bank Alfalah Pehchaan Account LCY product both current and savings. In case of Partnership & companies accounts, one or more of the owners, partners or directors must be woman & holds 50% or more shareholdings in partnership/company

   شراکت داری/کمپنیاں بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ LCY پروڈکٹ کے تحت کرنٹ اور سیونگز دونوں اقسام کے اکاؤنٹس کھول سکتی ہیں۔ شراکت داری یا کمپنی کے اکاؤنٹ کی صورت میں ایک یا ایک سے زیادہ مالکان، شراکت داروں یا ڈائریکٹرز میں سے کم از کم ایک خاتون کا ہونا لازمی ہے جس کے پاس شراکت داری یا کمپنی میں 50 فیصد یا اس سے زیادہ حصص ہونے چاہییں۔

7. After enrolment, the accounts will be tagged under Bank Alfalah Pehchaan Account.

   شمولیت کے بعد تمام اکاؤنٹس "بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ" کے تحت تصور کئے جائیں گے۔

8. Profit on Bank Alfalah Pehchaan PKR Savings Account will be calculated on monthly average balance and paid as per product feature and Bank's profit rate sheet. This is subject to change as per SBP rules governing savings' accounts.

   بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ میں PKR سیونگز پر منافع کا حساب ماہانہ اوسط بیلنس کی بنیاد پر لگایا جائے گا اور بینک کی پرافٹ ریٹ شیٹ کے مطابق ادائیگی کی جائے گی۔ یہ سیونگز اکاؤنٹس پر لاگو ایس بی پی کے قوانین میں تبدیلی سے مشروط ہے۔

9. For Bank Alfalah Pehchaan FCY Savings Account, profit will be calculated on minimum balance and paid six monthly.

   بینک الفلاح پہچان فارن کرنسی سیونگز اکاؤنٹس کے لیے منافع کا حساب کم سے کم بیلنس کی بنیاد پر لگایا جائے گا اور ہر چھ ماہ پر ادا کیا جائے گا۔

10. More than one account of the customer (different currencies or different account type) can be enrolled in Bank Alfalah Pehchaan Account. In case of an existing customer, multiple accounts under the different account type (Current or Savings) and different currencies are allowed.

    بینک الفلاح پہچان اکاؤنٹ میں کسٹمر کے ایک سے زیادہ اکاؤنٹ (مختلف کرنسیوں یا اکاؤنٹ کی مختلف قسم) کا انرولمنٹ کیا جا سکتا ہے۔ موجودہ صارف کی صورت میں، مختلف اکاؤنٹس کی قسم (کرنٹ یا سیونگز) اور مختلف کرنسیوں کے تحت متعدد اکاؤنٹس کی اجازت ہے۔

11. Initial deposit requirement of Rs. 100/- shall only be for PKR (Current and Savings) Accounts.

    PKR اکاؤنٹ (کرنٹ اور سیونگز) کیلئے 100 روپے ابتدائی بیلنس درکار ہوگا۔

12. Initial deposit requirement and minimum balance requirement for FCY Current Accounts shall be 100 USD, 100 GBP, 100 EUR, 5000 JPY, 1000 CNY and 500 Dirham respectively.

فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹس کے لیے ابتدائی ڈپازٹ اور کم سے کم بیلنس 100 USD, 100 GBP, 100 EUR, 5000 JPY, 1000 CNY اور 500 درہم ہے۔

13. Initial deposit requirement for FCY Savings Accounts shall be 100 USD, 100 GBP, 100 EUR, 5,000 JPY, 1000 CNY and 500 UAE Dirham respectively, and there shall be no minimum balance requirement.

فارن کرنسی سیونگز اکاؤنٹس کے لیے ابتدائی جمع شدہ رقم بالترتیب 100 USD, 100 GBP, 100 EUR, 5000 JPY, 1000 CNY اور 500 UAE درہم ہوگی اور کم از کم بیلنس رکھنے کی کوئی شرط نہیں ہوگی۔

14. Customised Bank Alfalah Pehchaan Debit Card will be issued, however, in case of joint account, if secondary account holder is male normal Paypak/Visa debit card (Other than Pehchaan branding) may be issued and charges will be recovered as per Bank's prevailing Schedule of Charges (SOC). In case of existing customer, the old Debit Card will be deactivated upon activation of Bank Alfalah Pehchaan Debit Card. In case account qualifies for Premier marking, Bank Alfalah will issue VISA Signature Debit Card, free of charge.

کسٹمائزڈ بینک الفلاح پہچان ڈیبٹ کارڈ جاری کیا جائے گا۔ تاہم مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں اگر ثانوی اکاؤنٹ ہولڈر مرد ہو، تو نارمل پے پاک/ویزا ڈیبٹ کارڈ (پہچان برانڈنگ کے بغیر) جاری کیا جاسکتا ہے، اور چارجز بینک کے مروجہ شیڈول آف چارجز (SOC) کے مطابق وصول کیے جائیں گے۔ موجودہ کسٹمر کے لیے، بینک الفلاح پہچان ڈیبٹ کارڈ کے ایکٹیویٹ ہونے پر پرانا ڈیبٹ کارڈ غیر فعال کر دیا جائے گا۔ اگر اکاؤنٹ پریمیئر مارکنگ کے لیے اہل ہو تو، بینک الفلاح ویزا سگنیچر ڈیبٹ کارڈ بلا معاوضہ جاری کرے گا۔

15. Customised First Chequebook of 50 leaves will be issued free of cost (to new accounts). All subsequent chequebook charges shall be recovered from the customer as per SOC. In case of existing customer, the current chequebook can be used along with the new issued chequebook.

50 پرت کی مخصوص پہلی چیک بک بلا معاوضہ جاری کی جائے گی۔ اس کے بعد کی تمام چیک بکس کے چارجز ایس او سی کے مطابق کسٹمر سے وصول کیے جائیں گے۔ موجودہ کسٹمرز کی صورت میں موجودہ چیک بک جاری کردہ نئی چیک بک کے ساتھ استعمال کی جاسکتی ہے۔

16. Free SMS Alerts, Internet Banking and Mobile Application (Alfa) services will be given to the customer on PKR Accounts.

مفت ایس ایم ایس الرٹس، انٹرنیٹ بینکنگ اور موبائل ایپلیکیشن (الفا) سروسز پی کے آر اکاؤنٹس پر فراہم کی جائیں گی۔

17. Waivers on Locker Annual Fee will be given on monthly average balance of PKR 500,000/- in Current Account or PKR 3 million in Savings Account. This is subject to availability of the Locker.

کرنٹ میں 500,000 روپے یا سیونگز میں 3 ملین روپے ماہانہ اوسط بیلنس پر لاکر کی سالانہ فیس میں چھوٹ ہوگی۔ یہ لاکر کی دستیابی سے مشروط ہوگا اور مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ہوگا۔

18. Free online transactions (Intercity Cash and Funds Transfer) will be offered on average balances above PKR 50,000/- on PKR Current and Savings Account.

50,000 روپے سے زیادہ بیلنس پر مفت آن لائن ٹرانزیکشنز (انٹرسٹی کیش اور فنڈ ٹرانسفر) کی پیشکش کی جائے گی۔ یہ تبدیلی سے مشروط ہے اور مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ہوگا۔

19. All other charges will be taken as per Bank's prevailing Schedule of Charges.

تمام دیگر چارجز ، بینک کی مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق لیے جائیں گے۔

20. Customer is eligible to enrol in all other services/products being offered or will be offered by the Bank.

کسٹمر بینک میں موجود پیش کردہ یا آئندہ پیشکش کی جانے والی دیگر تمام سروسز/پروڈکٹس میں شمولیت حاصل کرنے کا اہل ہے۔

21. The Bank has the right to amend the Schedule of Charge from time to time and communicate the same through various modes as determined by the Bank, in accordance with applicable law and regulations.

بینک کے پاس حق ہے کہ وہ شیڈول آف چارجز کو وقتاً فوقتاً تبدیل کرے اور لاگو قانون اور ضوابط کے مطابق بینک تعین کر کے مختلف ذرائع سے ان کو پہنچائے۔

22. These Terms and Conditions are in addition to and form an integral part of the regular Terms and Conditions of account opening and its maintenance. Accounts may be opened instantly after due diligence checks, however activation of these accounts may be restricted for debit transactions until complete documentation is checked and reviewed by the Centralised Operation Department of the Bank. The Bank shall intimate the customer regarding activation of account.

یہ شرائط و ضوابط اکاؤنٹ کھولنے اور اس کو برقرار رکھنے کی معمول کی شرائط و ضوابط کے علاوہ ہیں اور ان کا لازمی حصہ ہیں۔ جانچ کے بعد اکاؤنٹس فوری طور پر کھولے جاسکیں گے لیکن ان اکاؤنٹس میں ڈیبٹ ٹرانزیکشنز کی پابندی ہو سکتی ہے ، جب تک بینک کے سینٹر لائزڈ آپریشنز ڈپارٹمنٹ کی جانب سے مکمل دستایزات کی جانچ نہ ہو جائے۔ بینک کسٹمر کو اکاؤنٹ فعال ہونے کی اطلاع فراہم کرے گا۔

23. These Terms and Conditions may be revised or modified by the Bank from time to time and shall be subject to the laws of Islamic Republic of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of the State Bank of Pakistan. The revised or modified terms will be effective upon expiry of 30 days from the advance notice given to the customer. Such notice shall be deemed to have been given and displayed at the counters of the Bank or posted on its website. Relevant provision of Guidelines of Business Conduct for Banks will apply to banking services.

بینک کی جانب سے ان شرائط و ضوابط میں وقتاً فوقتاً تبدیلی یا نظر ثانی ہو سکتی ہے اور یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین سے مشروط ہوں گی، بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تمام نوٹیفیکیشنز، ہدایات ناموں، سرکلرز اور ضوابط۔ کسٹمر کو دی گئی 30 دن کی پیشگی اطلاع کے ختم ہونے پر نظر ثانی یا ترمیم مؤثر ہو گی۔ ایسے نوٹس فراہم کردہ تصور کئے جائیں گئے جب بینک کے کاؤنٹرز پر آویزاں کیا جائے یا اس کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا جائے، بینکنگ خدمات پر بینکوں کے لیے کاروباری طرزِ عمل کی ہدایات کے مطابق دفعات کا اطلاق ہو گا۔

24. The customer acknowledges by signing/impressing thumb impression on the Account Opening Form that he/she has read or has/have read out to him/her and understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions. Interpretation of these Terms and Conditions by the Bank shall be final and binding. However, in case of any dispute, matter will be referred to SBP and the decision of SBP will be final and binding.

کسٹمر اکاؤنٹ اوپننگ فارم پر دستخط/انگوٹھا لگا کر تسلیم کرتا/کرتی ہے/ہیں کہ وہ پڑھ چکا/چکے/چکی ہے/ہیں یا اس/ان کو پڑھ کر سنایا جا چکا ہے اور وہ سمجھتا/سمجھتی ہے/سمجھتے ہیں اور ان شرائط و ضوابط کے پابند رہنے پر رضامند ہے/ہیں۔ بینک کی جانب سے ان شرائط و ضوابط کی تشریح حتمی اور نافذالعمل ہو گی۔ کسی بھی تنازعے کی صورت معاملہ ایس بی پی کو منتقل کیا جائے گا اور ایس بی پی کا فیصلہ حتمی اور نافذالعمل ہو گا۔

25. The customer confirms that he/she has received the detailed Account Opening Terms and Conditions booklet separately and understands that such additional terms shall remain binding upon him/her as these terms.

کسٹمر تصدیق کرتا ہے کہ اس نے تفصیلی شرائط و ضوابط کا کتابچہ الگ سے وصول کر لیا ہے اور وہ سمجھتا/سمجھتی/سمجھتے ہیں کہ وہ ان اضافی شرائط کا/کی/کے پابند رہے گا/گی/رہیں گے۔

Applicant Signature
درخواست گزار کے دستخط

Date تاریخ | D | D | M | M | Y | Y | Y | Y |

Copy of Account Opening Form and Terms and Conditions Received and Accepted
اکاؤنٹ اوپننگ فارم کی کاپی اور شرائط و ضوابط وصول اور قبول کی گئیں



Bank Alfalah

The Way Forward

021 111 225 111

bankalfalah.com